17

قدرتی وسائل کی حفاظت

پانی

ہم اکثر دانت صاف کرتے، نہاتے اور کپڑے دھوتے وقت پانی کے نَل کو کھلا چھوڑ دیتے ہیں۔ گھر میں اگر پانی کا نَل خراب ہو جائے تو ہم اسے ٹھیک کروانے میں دیر کر دیتے ہیں۔ کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ہم پانی کی ٹینکی بھرنے کے لیے بجلی کی موٹر چلا کر بھول جاتے ہیں۔ اس طرح ہم روزانہ بہت سا پانی ضائع کر دیتے ہیں۔

پانی کے غیر ضروری استعمال سے مختلف مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ پانی کے ذخائر میں پانی کم ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے فصلوں کو کم پانی ملتا ہے اور پیداوار میں کمی ہو جاتی ہے۔ دریاؤں اور جھیلوں میں پانی کی کمی سے پانی میں رہنے والے جانور بھی متاثر ہوتے ہیں۔

پانی کے ضیاع کو کم کرنے کے طریقے

پانی کے نَل کو بلاوجہ کھلا نہیں چھوڑنا چاہیے۔ پانی کے خراب نَل کو فوراً ٹھیک کروا لینا چاہیے تاکہ پانی ضائع نہ ہو۔ نہاتے وقت پانی ضائع مت کریں۔ پانی کی ٹینکی بھرنے کے بعد بجلی کی موٹر فوراً بند کر دینی چاہیے۔

جنگلات کی اہمیت

ایک ہی جگہ پر کثرت سے پائے جانے والے درختوں کو جنگل کہتے ہیں۔ درختوں سے لکڑی حاصل ہوتی ہے۔ لکڑی سے کھیلوں کا سامان، دروازے، کھڑکیاں اور فرنیچر تیار کیا جاتا ہے۔ لکڑی ایندھن کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہے۔ درختوں کی لکڑی سے کاغذ اور ماچس وغیرہ بنتے ہیں۔ جنگلات جانوروں، پرندوں اور کیڑے مکوڑوں کا گھر ہیں۔ یہ موسم کو خوشگوار بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے

ہیں۔

لکڑی سے مختلف فائدے حاصل کرنے کے لیے جنگلات کو بلاضرورت کاٹا جارہا ہے۔ نیز جنگلات میں لگنے والی آگ سے بھی درخت کم ہوجاتے ہیں۔ اس سے جنگلی جانور، کیڑے مکوڑے اور پرندے بے گھر ہوجاتے ہیں۔ جنگلات کی کمی سے قدرتی ماحول خراب ہوجاتا ہے۔

جنگلات کو کاٹا جارہا ہے۔

جنگل میں آگ لگی ہوئی ہے۔

ہمیں چاہیے کہ درختوں کو بلاوجہ نہ کاٹیں۔ درختوں کی کمی کو پورا کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں۔ جنگلات کو آگ لگنے سے محفوظ رکھا جائے۔ لکڑی کو جلانے کی بجائے گیس اور مٹی کا تیل استعمال کیا جائے۔

بچے پودا لگا رہے ہیں۔

درختوں کی کمی پورا کرنے کے لیے
نئے درخت لگائے جاتے ہیں۔

مشق

1- درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

(i) گھروں میں پانی کیسے ضائع ہوتا ہے؟

(ii) ہم پانی کو ضائع ہونے سے کیسے بچا سکتے ہیں؟

(iii) جنگلات کی لکڑی کی اہمیت بتائیں۔

(iv) درخت کاٹنے کے تین نقصانات لکھیں۔

2- درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i) شجرکاری کا مطلب ہے:

(الف) درخت لگانا (ب) درخت کاٹنا (ج) پھل اُتارنا

(ii) ایندھن کے لیے لکڑی حاصل کی جاتی ہے:

(الف) مشینوں سے (ب) معدنیات سے (ج) جنگلات سے

(iii) دریاؤں اور جھیلوں میں پانی کی کمی سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں:

(الف) جنگلی جانور (ب) پہاڑ (ج) پانی کے جانور

(iv) فرنیچر تیار کیا جاتا ہے:

(الف) لکڑی سے (ب) قدرتی گیس سے (ج) ربڑ سے

3- درج ذیل میں سے درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں:

(i) جنگلات سے ہم لکڑی حاصل کرتے ہیں۔ ☐

(ii) جنگلات موسم کو خوشگوار بناتے ہیں۔ ☐

(iii) پانی کے بغیر جاندار زندہ رہ سکتے ہیں۔ ☐

(iv) پانی کو ضائع کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ ☐

(v) ہمیں بہت زیادہ درخت کاٹنے چاہییں۔ ☐

4- کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

کالم (الف)	کالم (ب)
درخت انسان کے بہترین	کے گھر ہیں۔
جنگلات ہمیں لکڑی اور	شدت کو کم کرتے ہیں۔
جنگلات جنگلی جانوروں اور کیڑوں مکوڑوں	آکسیجن مہیا کرتے ہیں۔
جنگلات آندھی اور طوفان کی	دوست ہیں۔

5- خالی جگہ پُر کریں۔

ماچس	ٹھیک	موٹر

(i) درختوں کی لکڑی سے ہم کاغذ اور ---------- وغیرہ بناتے ہیں۔

(ii) خراب نلکے کو فوراً ---------- کروانا چاہیے تاکہ پانی ضائع نہ ہو۔

(iii) پانی کی ٹینکی بھرنے کے بعد بجلی کی ---------- کو فوراً بند کر دینا چاہیے۔

سرگرمی

کسی ایک درخت کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

ہدایات برائے اساتذہ

1- طلبہ کو پانی اور جنگلات کی اہمیت سے روشناس کرائیں۔

2- طلبہ کو جنگلات کی کٹائی اور پانی کے ضیاع سے پیدا ہونے والے مسائل سے آگاہ کریں۔